ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(147)

03-03-2023

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شرپسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں مئوثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور جمعتہ المبارک کے روز پولیس اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (148)

مورخہ 03/03/2023

**بھاولپور ( ) پولیس تھانہ ہیڈ راجکاں کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کاروائی، منشیات و شراب فروش ملزمان گرفتار، 2200 گرام چرس اور 28 لیٹر برآمد، ملزمان پابند سلاسل ۔عوام الناس کا خراج تحسین، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا مزید تنگ کیا جا رہا ہے، ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق بھاولپور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ پولیس تھانہ ہیڈ راجکاں کی ٹیم نے ایس ایچ او شہزاد بابر کی قیادت میں شراب فروش محمد ارشد اور منشیات فروش فضل الرحمان 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا ،جن سے 2200 گرام چرس اور 28 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔ ڈی پی او بہاولپور نے ٹیم کو شاندار کارکردگی پر شاباش دی۔اس موقع پر ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ منشیات فروشوں اور شراب فروشوں کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔منشیات فروشی ایک لعنت ہے،جس کو معاشرے سے ختم کر کے ہی دم لیں گے۔ان کے خلاف سخت سے سخت ایکشن لیتے ہوئے ان کو کیفر کردار تک پہنچانا ہے،عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بھاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے اور ایسی مزید کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ترجمان بھاولپور پولیس



بھاولپور، پولیس تھانہ ہیڈ راجکاں کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کاروائی، منشیات و شراب فروش ملزمان گرفتار